آپ کا کورس ورک

آپ کو کیا جاننے کی ضرورت ہے

آپ کا کورس ورک

یہ کتابچہ آپ کو بتاتا ہے کہ آپ کو اپنے کورس ورک کے بارے میں کیا جاننے کی ضرورت ہے۔ اس میں انتہائی ضروری معلومات اور قوائد و ضوابط دیئے گئے ہیں جو آپ کو اپنا کورس ورک تیار کرنے سے پہلے لازمی پڑھنے چاہییں حتیٰ کہ اگر آپ اس سے پچھلے سالوں میں کورس ورک کرتے رہے ہیں تب بھی۔

یہ اہم ہے کہ آپ قوائد و ضوابط کو سمجھیں۔ یہ قوائد و ضوابط اس لئے ہیں کہ کورس ورک کی اسیسمنٹ (جانچ پڑتال و درجہ بندی) کو سب کے لئے یقینی طور پر منصفانہ بنایا جائے۔

اگر آپ قوائد و ضوابط کے بارے میں واضح نہیں ہیں تو اپنے ٹیچر یا لیکچرر سے بات کریں۔ وہ آپ کو یہ بھی بتا سکیں گے کہ اگر آپ قوائد و ضوابط کو توڑتے ہیں تو کیا ہو سکتا ہے۔

آپ کو www.sqa.org.uk/learners پر بھی بہت سی مزید مفید معلومات ملیں گی۔

اضافی مدد

اگر آپ کو اضافی مدد درکار ہے تو یہ انتظامات کئے جا سکتے ہیں کہ آپ کو یہ ظاہر کرنے کا مساوی موقع دیا جائے کہ آپ کتنا علم رکھتے ہیں اور کیا کچھ کر سکتے ہیں۔ آپ کو ہم سے ان انتظامات کے بارے میں پوچھنے کی ضرورت نہیں ہے — اگر اس کی ضرورت ہوئی تو آپ کا سکول یا کالج آپ کے لئے اسکا انتظام کرے گا۔

اگر آپ ان انتظامات کے بارے میں مزید جاننا چاہتے ہیں تو اپنے اُستاد یا لیکچرر سے بات کریں۔

کورس ورک کیا ہوتا ہے؟

کورس ورک مختلف اقسام کے ہوتے ہیں جن میں پورٹ فولیو، پراجیکٹ، اور تفویض کردہ کام (اسائنمنٹس) شامل ہیں۔ آپ کے کورس ورک کی نوعیت کا انحصار آپ کے مخصوص کورس پر ہو گا۔

کورس ورک آپ کو یہ ثابت کرنے کا موقع دیتا ہے کہ آپ اپنے مضمون کا علم رکھتے ہیں اور وہ نمبر حاصل کرنے کا موقع دیتا ہے جو آپ کے حتمی گریڈ میں خاطرخواہ فرق پیدا کرسکتے ہیں۔

کورس ورک کے ہر حصے کی ضروریات مختلف ہوں گی – آپ کے اُستاد یا لیکچرر آپ کو ان کے بارے میں بتائیں گے۔

آپ کو اپنا کورس ورک لازماً اُسی سیشن میں مکمل کرنا ہو گا جس میں آپ اپنے مخصوص مضمون میں کوئی امتحانات دیں گے۔

اپنا کورس ورک کرنا

ذرائع

آپ اپنے کام میں مدد حاصل کرنے کے لئے بہت سارے مختلف ذرائع استعمال کرنے کے قابل ہو سکتے ہیں – جیسے کہ کتابیں، ٹیلیویژن اور انٹرنیٹ۔ مختلف ذرائع کا استعمال علم حاصل کرنے کا ایک اعلیٰ طریقہ بھی ہے۔

یہ جاننا اہم ہے کہ آپ دیگر ذرائع سے مواد نقل کر کے اس طرح شامل نہیں کر سکتے جیسے کہ یہ آپ کا اپنا کام ہے۔ آپ پر لازم ہے کہ اُس تمام مواد کا، جو آپ نے دوسرے ذرائع سے لے کر استعمال کیا ہے، حوالہ دیں تا کہ یہ واضح ہو جائے کہ کون سا کام آپ کا اپنا کام نہیں ہے۔

آپ کا اُستاد یا لیکچرر آپ کو بتا سکتا ہے کہ یہ کیسے کرنا ہے، مگرچند ہدایات درج ذیل ہیں:

- کسی اور ذرائع سے حاصل کردہ عبارت کے گرد 'علامتِ اقتباس' (واوین) لگائیں اور واضح نشاندہی کریں کہ عبارت کہاں سے آئی۔
- آپ کو اُن اشکال یا خاکوں کا حوالہ دینے کی بھی ضرورت ہے جو آپ نے دیگر ذرائع سے لے کر استعمال کئے ہیں۔
- اگر ضرورت ہو تو کتابی ذرائع کی ایک فہرست (آپ کے استعمال کردہ حوالہ جات کی فہرست) تیار کریں — یہ آپ کے کام کے آخر پر شامل ہو گی۔

چربہ سازی

آپ پر لازم ہے کہ دوسرے لوگوں کے کام کو اپنے کام کے طور پر پیش نہ کریں۔ دوسرے لوگوں کے کام اور خیالات کو اپنا ظاہر کر کے پیش کرنا 'چربہ سازی' کہلاتا ہے — اور یہ نقل یا دھوکا دہی ہے۔

اگر آپ اوپر واضح کئے گئے طریقے کے مُطابق ذرائع کا حوالہ نہیں دیتے تو یہ بھی چربہ سازی ہے۔

یہ آپ کا اپنا کام نہیں ہے اگر:

- اس کو مکمل یا جزوی طور پر کسی اور نے تیار کیا ہو یا اس پر کام کیا ہو
- اسے کسی اور نے کیا جس نے ماضی میں ایسا ہی کورس ورک پیش کیا تھا
- اسے آپ کے اُستاد یا لیکچرر نے نمونے یا مثال کے طور پرتیار کیا تھا، یا
- اسے آپ نے اپنے الفاظ میں پیش کرنے کی کوشش کئے بغیر کسی کتاب، ویب سائٹ یا مقالات کے ذخیرے سے نقل کیا ہے۔

ملی بھگت

خود تنہا کام کرنے کی پابندی کے وقت دوسروں سے مل کر کام کرنا 'ملی بھگت' کہلاتا ہے۔ اس کا اطلاق کسی کی مدد کرنے، کسی سے مدد لینے، اور پاس ورڈز، فائلوں اور کاغذات کا تبادلہ کرنے پرہوتا ہے۔

ملی بھگت میں شریک ہر شخص اصولوں کی خلاف ورزی کا مرتکب ہوتا ہے — نہ کہ صرف وہ جس نے مدد کے لئے کہا ہو۔ اگر کوئی اور امیدوار (مثلاً آپ کی کلاس میں کوئی شخص) آپ سے مدد کے لئے کہے تو آپ اُسے اُستاد یا لیکچرر سے بات کرنے کا مشورہ دیں۔

اگر آپ ایک گروپ کے رُکن کے طور پر کام کر رہے ہیں (مثلاً کسی گروپ پراجیکٹ پر)، تو لازمی یقینی بنائیں کہ جو تحریری کام آپ گروپ ورک میں اپنے حصے کے طور پر جمع کراتے ہیں وہ آپ کا اپنا کام ہے۔

اگر آپ کو کورس ورک میں مُشکلات درپیش ہیں تو بہترین مشورہ آپ کے اساتذہ یا لیکچرر حضرات سے ہی مل سکتا ہے۔

زبان اور تحریر

کورس ورک کرنے والے ہرشخص سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ دوسرے امیدواروں، استادوں، لیکچررز، نمبرلگانے والوں اور ہمارے لئے یعنی ایس کیو اے (SQA) کے لئے کام کرنے والے ہر شخص کا احترام کرے۔ اپنے کام میں گستاخانہ، توہین آمیز، جارحانہ یا امتیاز برتنے والی زبان یا تصاویر شامل نہ کریں — اگر آپ ایسا کریں گے تو نمبر لگانے والے اس کی تحقیقات کریں گے۔

یاد رکھیں کہ تحریری کورس ورک آسانی سے پڑھنے کے قابل ہونا چاہیئے۔ نمبر لگانے والے آپ کے کام کو پڑھنے کی پوری کوشش کریں گے لیکن اگر آپ کی تحریر پڑھنا مُشکل ہے تو ہو سکتا ہے کہ وہ نمبر لگانے کے قابل نہ ہو سکیں۔

الفاظ کی تعداد

اگر آپ کا کورس ورک الفاظ کی کم سے کم یا زیادہ سے زیادہ تعداد متعین کرتا ہے تو آپ لازماً اس پر قائم رہیں۔ اگر آپ ایسا نہیں کرتے تو آپ کو سزا دی جا سکتی ہے۔ مزید معلومات کے لئے صفحہ 8 پر دیکھیں: **’اگر میں اصولوں کی خلاف ورزی کا مرتکب ہوتا/ہوتی ہوں تو کیا ہو گا؟‘**

ریسورس شیٹس (ذرائع کے پرچے)

کورس ورک کی کچھ قسموں کی تکمیل پابندی کے حالات میں کی جاتی ہے جہاں آپ کو ریسورس شیٹ (جس کو’تحقیق کی شیٹس‘ یا ’مرتب کردہ معلومات کی شیٹس‘ بھی کہا جاتا ہے) استعمال کرنے کی ضرورت ہو گی۔ اگر آپ غیریقینی کی کیفیت میں ہیں کہ کیا آپ کو ریسورس شیٹ استعمال کرنے کی ضرورت ہو گی تو اپنے اُستاد یا لیکچرر سے بات کریں۔

اگر آپ کو ریسورس شیٹ استعمال کرنے کی ضرورت ہے، تو یہ واقعی اہم ہے کہ آپ کو اس کے بارے میں قواعد سے واقفیت ہو کہ یہ کیسے استعمال کرنی ہیں کیونکہ اگر آپ اس کو درست طریقے سے استعمال نہیں کرتے تو آپ نمبر ضائع کر سکتے ہیں۔

اپنی ریسورس شیٹ کو لازماً کورس ورک کے ساتھ جمع کرائیں۔ اگر آپ نہیں کراتے تو آپ خود بخود کورس ورک کے 20% نمبر ضائع کر دیں گے۔

خطرہ مول نہ لیں

چربہ سازی اورملی بھگت کا کھوج لگانا مشکل نہیں

- اُستاد یا لیکچرر آپ کے کام سے واقف ہوتے ہیں اوروہ آپ کے اندازِ تحریر اور زبان کے استعمال میں تبدیلیاں بھانپ سکتے ہیں۔
- نمبر لگانے والے حضرات کو اپنے مضمون پرعبور حاصل ہوتا ہے لہذا بہت سے ذرائع سے وہ بخوبی واقف ہوتے ہیں۔

- ہم ایسا سافٹ ویئر استعمال کرتے ہیں جو چربہ سازی اور ملی بھگت کی نشاندہی کرتا ہے۔ یہ سافٹ ویئر نقل شدہ جملوں اورعبارت کا اُن ذرائع سے موازنہ کرتا ہے جہاں سے وہ لیے گئے ہوتے ہیں۔

کورس ورک جمع کروانا

اپنے کام کی جانچ پڑتال کریں

اپنا کورس ورک جمع کروانے سے پہلے اس کا معائنہ کریں اور یہ جانچ پڑتال کرلیں کہ:

- سبھی کام آپ کا اپنا ہے، اور آپ نے ساری معلومات، اشکال یا خاکوں اور تصاویر کے ذرائع کا مناسب انداز میں حوالہ دیا ہے
- اس میں کوئی گستاخانہ، توہین آمیز یا جارحانہ زبان یا تصاویر شامل نہیں، اور
- آپ نے کورس ورک اپنے استاد یا لیکچرر کی دی ہوئی ہدایات کے مطابق مکمل کیا ہے۔

حتمی تاریخیں

یہ اہم ہے کہ آپ اپنے کام کو وقت پر جمع کروائیں۔

آپ کا استاد یا لیکچرر حتمی تاریخیں مقرر کرے گا، اور ان پر عمل درآمد کو یقینی بنانا آپ پر منحصر ہے۔ اس کو کرنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ اپنے کام کو حتمی تاریخ سے پہلے جمع کروانے کا ارادہ کریں۔

اگر آپ کو کسی مقررہ تاریخ تک کام مکمل کرنے میں دشواری پیش آرہی ہو تو گھبرائیں نہیں۔ اپنے استاد یا لیکچرر سے بات کر کے معلوم کریں کہ وہ آپ کی مدد کے لئے کیا کر سکتے ہیں۔

اقرار نامہ

آپ کا سکول یا کالج آپ کے کورس ورک پرنمبر لگانے کے لئے اسے ہمیں بھیجنے سے قبل آپ کو دستخط کرنے کے لئے ایک اقرارنامہ فراہم کرے گا۔ یہ نہایت اہم ہے کہ آپ نیچے دیئے گئے اقرارنامے کو سمجھیں۔ اگر آپ کسی چیز کے بارے میں غیر یقینی کی کیفیت میں ہیں تو اپنے اُستاد یا لیکچرر سے پوچھیں۔

اقرار نامہ

میں تصدیق کرتا/کرتی ہوں کہ:

- میں نے ایس کیو اے (SQA) کا آپ کا کورس ورک کتابچہ پڑھ لیا ہے اور میں اس کے مندرجات کو سمجھتا/سمجھتی ہوں
- میں جانتا/جانتی ہوں کہ آپ کا کورس ورک کتابچے میں درج اصولوں پرعمل نہ کرنے پر ایس کیو اے (SQA) امیدوار کے ایوارڈز پر پینلٹیز (سزائیں)عائد کر سکتی ہے
- اس اقرارنامے کے ساتھ بھیجا گیا کورس ورک سبھی میرا ذاتی کام ہے اور معلومات کے سبھی ذرائع کی واضح طور پر نشاندہی کی گئی ہے اور اُن کا اعتراف کیا گیا ہے
- جہاں میں نے ریسورس شیٹ استعمال کی ہے، میں نے اُسے اپنے کورس ورک کے ساتھ جمع کرا دیا ہے
- میں سمجھتا/سمجھتی ہوں کہ یہ کورس ورک نمبر لگانے کے لئے ایس کیو اے (SQA) کو بھیجا جائے گا

نوٹ: اگر آپ اپنے کام کو آن لائن شائع کرنے یا بانٹنے کا ارادہ رکھتے ہیں، تو لازماً اپنے سکول یا کالج سے اس پر گفتگو کر لیں۔

اگر میں اصولوں کی خلاف ورزی کا/کی مرتکب ہوں تو؟

ان اصولوں کی خلاف ورزی کے نتائج تشویشناک ہو سکتے ہیں۔ اگر تحقیقات سے ثابت ہو جائے کہ آپ نے کسی بھی اصولوں کی خلاف ورزی کی ہے تو پینلٹی (سزا) کا اطلاق کیا جا سکتا ہے۔

کسی بھی سزا کا انحصار معاملے کی سنگینی پر ہوگا.

سزاؤں کے سلسلے میں درج ذیل شامل ہیں:

- آپ کے نمبر کم کئے جاسکتے ہیں، یا آپ کو صفر نمبر دیئے جا سکتے ہیں۔
- متعلقہ مضمون میں آپ کی تعلیمی اہلیت (کوالیفیکشن) کو منسوخ کیا جاسکتا ہے۔
- آپ کی سال بھر کی سبھی تعلیمی اہلیتوں کو منسوخ کیا جا سکتا ہے۔

اگر آپ اصولوں پر کاربند رہیں اور راہ کے ہر قدم پر درست عمل کریں تو آپ کو ان سزاؤں کے بارے میں فکرمند ہونے کی ضرورت نہیں ہو گی۔

ہرکوئی چاہتا ہے کہ آپ اپنے کورسز سے محظوظ ہوں اور بہترکارکردگی دکھائیں۔ یاد رکھیں کہ آپ کے اُستاد اور لیکچرر آپ کی مدد کے لئے موجود ہیں اور آپ ہمیشہ اُن سے مشورہ مانگ سکتے ہیں۔

کیا کرنا ہے اور کیا نہیں

یاد رکھیں:

✓ سارا کام خود **کریں**

✓ تمام ذرائع کا مناسب طور پر حوالہ **دیں**

✓ جمع کروانے سے پہلے اپنے کام کا معائنہ **کریں**

✓ وقت پر اپنا کام جمع **کرائیں**

✓ جو بھی ریسورس شیٹ آپ نے استعمال کی ہے اُس کو جمع **کرائیں**

X کسی دوسرے کے کام کی نقل **نہ کریں**

X گستاخانہ، توہین آمیز یا جارحانہ الفاظ یا تصاویر استعمال **نہ کریں**

کسٹمر کانٹیکٹ سنٹر
ٹیلیفون: 0345 279 1000
ویب سائٹ: www.sqa.org.uk

BA8042 ستمبر 2019